# خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
# دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی

No.F.2/07/2020/S.I/partfile/203 Dated:27.05.2020

## حکم نامہ

چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (ڈی ڈی ایم اے) اس امر کا اطمینان کر چکی ہے کہ خطہ قومی راجدھانی دہلی میں کووڈ-19 کی وبا پھیلنے کا اندیشہ ہے، جسے عالمی تنظیم صحت پہلے ہی عالمی وبا قرار دے چکی ہے، اور اسے خطہ قومی راجدھانی دہلی میں پھیلنے سے روکنے کے لیے مؤثر اقدامات لینا ضروری سمجھتی ہے؛

نیز چونکہ، دہلی ڈزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی نے صورت حال سے مناسب طور پر نپٹنے کی غرض سے تمام ضروری اقدامات لینے کے لیے متعلقہ اتھارٹیز کو وقتاً فوقتاً مختلف احکامات / ہدایات جاری کی ہیں؛

نیز چونکہ، وزارت داخلہ، بھارت سرکار نے اپنے حکم نامے D.O.No.40-6/2020-DM-(A) مؤرخہ 26.05.2020 (نقل منسلک) میں یہ اطلاع دی ہے کہ وزارت صحت اور خاندانی بہبود، بھارت سرکار نے اپنے حکم نامے مؤرخہ 24.05.2020 میں، قرنطینہ کے انتظامات سمیت، بین الاقوامی آمد کے لیے رہنما اصول جاری کیے ہیں۔ ان رہنما اصولوں کے مطابق، ادارہ جاتی قرنطینہ کی میعاد میں ترمیم کر کے اسے 7 دن کر دیا گیا ہے جس کے بعد طبی معائنے کے بعد گھر میں 7 دن کا قرنطینہ ہو گا۔

نیز چونکہ، یہ بات وزارت داخلہ، بھارت سرکار کے علم میں لائی گئی ہے کہ جن ہندوستانی شہریوں کو بیرونی ممالک سے واپسی کے بعد ہوٹلوں میں قرنطینہ میں رکھا گیا تھا، ان سے 14 دن کا ایڈوانس وصول کیا گیا۔ چونکہ اب وہ 7 دن بعد اپنے گھروں کو روانہ ہو سکتے ہیں تو جو پیسہ انھوں نے باقی 7 دن کے لیے ادا کیا تھا اسے واپس کیا جانا ضروری ہے لیکن کچھ ہوٹل اسے واپس کرنے سے انکار کر رہے ہیں۔

لہٰذا اب، ڈزاسٹر مینجمنٹ ایکٹ، 2005 کی دفعہ 22 کے تحت تفویض کردہ اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے، ذیل میں دستخط کنندہ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکٹو کمیٹی، ڈی ڈی ایم اے کے چیئر پرسن کی حیثیت سے بذریعہ ہٰذا تمام متعلقہ اتھارٹیز کو ہدایات دیتا ہے کہ وہ یہ امر یقینی بنائیں کہ بیرون ملک سے واپس آنے والے تمام افراد کو جنھیں ہوٹلوں میں قرنطینہ میں رکھا گیا تھا اور جنھوں نے 14 دن کا ایڈوانس دیا تھا، بقیہ رقم بلا کسی تاخیر کے واپس کی جائے۔

(وجے دیو)
چیف سیکرٹری، دہلی

نقل برائے تعمیل بخدمت:

1. دہلی کے تمام ڈسٹرکٹ مجسٹریٹ
2. ادارہ جاتی قرنطینہ کے لیے نشان زد / استعمال کیے گئے تمام ہوٹل

نقل برائے اطلاع بخدمت:

1. عزت مآب لیفٹننٹ گورنر، دہلی کے پرائیویٹ سیکرٹری
2. عزت مآب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے ایڈیشنل سیکرٹری
3. عزت مآب نائب وزیر اعلیٰ، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
4. عزت مآب وزیر صحت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
5. عزت مآب وزیر ریوینیو، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
6. عزت مآب وزیر محنت، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
7. عزت مآب وزیر سماجی بہبود، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
8. عزت مآب وزیر غذا اور رسد، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کے سیکرٹری
9. ایڈیشنل چیف سیکرٹری (ہوم)، دہلی
10. پرنسپل سیکرٹری (ریوینیو) نیز ڈویژنل کمشنر، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
11. پرنسپل سیکرٹری (صحت اور خاندانی بہبود)، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی
12. ڈی ڈی ایم اے، خطہ قومی راجدھانی حکومت دہلی کی اسٹیٹ ایگزیکیٹیو کمیٹی کے ے تمام اراکین
13. سسٹم انالسٹ، آفس آف ڈویژنل کمشنر، دہلی، اس حکم نامے کو ویب سائٹ ddma.delhigovt.nic.in پر ڈالنے کے لیے۔
14. گارڈ فائل

اجے بھلہ، آئی اے ایس

داخلہ سیکرٹری
بھارت سرکار
نارتھ بلاک
نئی دہلی

D.O.No. 40-6/2020-DM-I(A)

26th May, 2020

ڈیر چیف سیکرٹری،

جیسا کہ آپ کو معلوم ہے کہ وزارت صحت اور خاندانی بہبود نے اپنے حکم نامے مؤرخہ 24.05.2020 کی رو سے قرنطینہ کے انتظامات سمیت، بین الاقوامی اڑانوں سے آمد کے لیے رہنماہدایات جاری کی ہیں۔

2۔ ان رہنماہدایات کے مطابق، ادارہ جاتی قرنطینہ کی میعاد میں ترمیم کرکے اسے 7 دن کر دیا گیا ہے جس کے بعد طبی معائنے کے بعد گھر میں 7 دن کا قرنطینہ ہوگا۔

3۔ یہ بات وزارت ہٰذا کے علم میں لائی گئی ہے کہ جن ہندوستانی شہریوں کو بیرونی ممالک سے واپسی کے بعد ہوٹلوں میں قرنطینہ میں رکھا گیا تھا، ان سے 14 دن کا ایڈوانس وصول کیا گیا۔ چونکہ اب وہ 7 دن بعد اپنے گھروں کو روانہ ہوسکتے ہیں تو جو پیسہ انھوں نے باقی 7 دن کے لیے ادا کیا تھا اسے واپس کیا جانا ضروری ہے لیکن کچھ ہوٹل اسے واپس کرنے سے انکار کر رہے ہیں۔

۴۔ آپ سے درخواست ہے کہ ادارہ جاتی قرنطینہ کے لیے نشان زد/استعمال کیے گئے تمام ہوٹلوں کو یہ امر یقینی بنانے کے لیے ضروری ہدایات جاری کریں کہ بیرون ملک سے واپس آنے والے تمام افراد کو جنھیں ہوٹلوں میں قرنطینہ میں رکھا گیا تھا اور جنھوں نے 14 دن کا ایڈوانس دیا تھا، بقیہ رقم بلا کسی تاخیر کے واپس کی جائے۔

نیک خواہشات کے ساتھ،

مخلص،

(اجے بھلہ)

تمام ریاستوں کے چیف سیکرٹری
(منسلکہ معیاری فہرست کے مطابق)